⑩ اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ (اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ) لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ (مَا بَعْدَهَا) وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ (هٰذِهِ اللَّيْلَةِ) وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ (مَا بَعْدَهَا) رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ. [صحیح مسلم 6908]

ہم نے صبح کی (شام کی) اور اللہ کے سارے ملک نے صبح کی (شام کی)، اور تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لیے ہیں، اور اس کے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اس کے لیے ہے سارا ملک اور کل حمد ، اوروہ ہر چیز پر قادر ہے، اے میرے رب! میں تجھ سے اس دن میں (اس رات میں) جو ہے اس کی خیر مانگتا ہوں، اور جو اس کے بعد ہے اس کی بھی خیر طلب کرتا ہوں، اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں جو کچھ اس دن میں ہے (اس رات میں ہے) اس کے شر سے، اور جو شر اس کے بعد ہے اس سے بھی تیری پناہ طلب کرتا ہوں، اے میرے رب ! میں تجھ سے پناہ طلب کرتا ہوں سستی سےاور نکمی عمرسے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں آگ میں عذاب سے، اور قبر میں عذاب سے صبح وشام (1مرتبہ)

7 صبح کی نماز سے اشراق تک مسلسل ذکر کرنے سے یہ کلمات کہنا زیادہ وزنی ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ. [مسلم 6913]

اللہ تعالی پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ (میں اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں حمد کے ساتھ) اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کے نفس کی رضا کے بقدر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی روشنائی کے برابر صبح کے وقت (3 مرتبہ)

8 اَصْبَحْنَا (اَمْسَيْنَا) عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰى مِلَّةِ اَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ. [الصحیحۃ 2989]

ہم نے (صبح وشام) کی فطرتِ اسلام اور کلمۂ اخلاص پر، اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین اور اپنے باپ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی ملت پر جو کہ یکسو مسلمان تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے صبح وشام (1 مرتبہ)

9 اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا (اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا) وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ (الْمَصِيْرُ). [صحیح ابی داود 5068] صبح وشام (1 مرتبہ)

اے اللہ! تیری نعمت وامداد کے ساتھ ہم نے صبح (شام) کی، اور تیری نعمت وامداد کے ساتھ ہم نے شام (صبح) کی، اور تیری ہی اعانت ورعایت میں ہم جیتے ہیں اور تیرے ہی نام وحکم سے ہم مرتے ہیں، اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا (اصل ٹھکانہ) ہے

4 بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. [صحیح ابی داود 5088]

اللہ تعالی کے نام کے ساتھ (میں پناہ طلب کرتا ہوں) کہ جس کے نام (کی برکت) سے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، نہ زمین (کی طرف) سے اور نہ ہی آسمان (کی طرف) سے، اور وہ ہر چیز کا سننے والا ہے اور ہر بات کا مکمل علم رکھتا ہے

صبح وشام (3 مرتبہ)

5 جو شخص شام کے وقت یہ دعا تین مرتبہ پڑھے، اسے اس رات زہریلے جانور کا ڈنک نقصان نہیں پہنچائے گا:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. [مسلم 6880]

میں اللہ تعالی کے کامل کلمات کے ساتھ پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا فرمائی

شام کے وقت (3 مرتبہ)

6 اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ. [صحیح ابی داود 5090]

اے اللہ! مجھے میرے بدن میں عافیت عطاء فرما، اے اللہ! مجھے میری سماعت میں عافیت عطاء فرما، اے اللہ! مجھے میری بصارت میں عافیت عطاء فرما تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں کفر اور فقر سے، اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں عذابِ قبر سے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں

صبح وشام (3 مرتبہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

1. آیۃ الکرسی پڑھنے والا شخص جنّات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ [صحیح الترغیب 1595]

﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ.....﴾ [البقرة: 255] صبح وشام (1 مرتبہ)

2. مندرجہ ذیل سورتوں کی تلاوت ہر چیز سے کافی ہو جاتی ہے۔

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ...﴾ ﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ...﴾

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ...﴾ [أبو داؤد: 5082] صبح وشام (3،3 مرتبہ)

3. رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جو شخص فجر کی نماز کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل کلمہ توحید دس مرتبہ پڑھے تو اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور دس برائیاں معاف کی جاتی ہیں اور دس درجات بلند کیے جاتے ہیں اور یہ دعا بنی اسماعیل میں سے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہے، یہ دعا پڑھنے والا صبح سے شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

[أبو داؤد: 5077]

نہیں ہے کوئی معبود حقیقی مگر صرف اللہ، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے ملک و بادشاہت ہے، اور اسی کے لیے حمد و تعریف ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

صبح و شام (10 مرتبہ)

المكتبة السلفية

Maktabah
Salafiyyah
Islamabad Pakistan

صُبح وشام کے اذکار

| (051) 8484427
| info@maktabahsalafiyyah.org
| maktabahsalafiyyah.org
| Basement Shop,Plot 01A, Bazaar No 4, Street 39 G-13/2, Islamabad

⓫ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ الۡعَفۡوَ وَ الۡعَافِيَةَ فِی الدُّنۡيَا وَ الۡاٰخِرَةِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِيَةَ فِیۡ دِيۡنِیۡ وَ دُنۡيَایَ وَاَهۡلِیۡ وَمَالِیۡ ۔ اَللّٰهُمَّ اسۡتُرۡعَوۡرَاتِیۡ وَاٰمِنۡ رَّوۡعَاتِیۡ ۔ اَللّٰهُمَّ احۡفَظۡنِیۡ مِنۡ بَيۡنِ يَدَیَّ وَمِنۡ خَلۡفِیۡ وَعَنۡ يَّمِيۡنِیۡ وَعَنۡ شِمَالِیۡ وَ مِنۡ فَوۡقِیۡ وَاَعُوۡذُ بِعَظَمَتِكَ اَنۡ اُغۡتَالَ مِنۡ تَحۡتِیۡ. [صحیح ابی داود 5073]

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عفوودر گزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین، دنیا، اہل ومال میں عفوودرگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیوب پر پردہ ڈال دےاور میری گھبراہٹوں میں امن وسکون دے۔ اے اللہ! تو میری حفاظت فرما میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے، اور میرے اوپر سے، اور میں تیری عظمت کے ذریعے پناہ طلب کرتا ہوں کہ کہیں میں ناگہانی طور پر اپنے نیچے سے نہ ہلاک کردیا جاؤں۔ صبح وشام (1 مرتبہ)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جوشخص یہ دعا پڑھے اورشام سے پہلے مرجائے وہ شخص جنتی ہے، اور جو رات کو پڑھے اور صبح ہونے سے پہلے مرجائے وہ جنتی ہے :

⓬ اَللّٰهُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ خَلَقۡتَنِیۡ وَاَنَا عَبۡدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهۡدِكَ وَوَعۡدِكَ مَا اسۡتَطَعۡتُ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ شَرِّ مَا صَنَعۡتُ اَبُوۡءُ لَكَ بِنِعۡمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوۡءُ بِذَنۡبِیۡ فَاغۡفِرۡ لِیۡ فَاِنَّهٗ لَا يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّاۤ اَنۡتَ. [البخاری 6306]

سید الاستغفار یہ ہے(کہ تم کہو) : اے اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، تو نے مجھے پیدا کیا، اور میں (صرف) تیرا ہی بندہ (عبادت گزار) ہوں، اور میں تجھ سے کیے ہوئے عہدو وعدے (کہ تجھ پر ایمان لاؤں گا، تیری ہی عبادت کروں گا اور تیرے حکم کی پابندی کروں گا) پر اپنی استطاعت بھر قائم ہوں، اپنے کیے ہوئے اعمال کی برائی سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں، اور تو نے مجھے جن نعمتوں سے نوازا ان (سب) کا اقرار کرتا ہوں۔ اور اپنے گناہ کا اقرار کرتا ہوں، پس تو میری مغفرت فرمادے کیونکہ بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کی مغفرت فرمانے والا نہیں

صبح وشام (1 مرتبہ)

⑬ اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّ مَلِيْكَهٗ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ. [صحیح الترمذی 3529]

اے اللہ! زمین وآسمان کو پیدا کرنے والے! پوشیدہ اور ظاہر کا علم رکھنے والے ہر شے کے رب اور اس کے مالک! میں تجھ سے اپنے نفس کے شر سے، اور شیطان کے شر سے اور اس کے شرک (کی طرف بلائے جانے) سے، اور یہ کہ میں اپنے ہی نفس پر کسی برائی کا ارتکاب کروں یا اسے کسی مسلمان کی طرف کھینچ لے جاؤں، پناہ طلب کرتا ہوں

صبح وشام (1 مرتبہ)

⑭ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ. [صحیح الترغیب 661]

اے ہمیشہ زندہ ، اے خود قائم اور دوسروں کو قائم رکھنے والے، میں تیری رحمت کے ذریعے استغاثہ (فریاد) کرتا ہوں، میرے لیے میرے تمام کاموں کی اصلاح فرمادے، اور مجھے پلک جھپکنے تک بھی میرے نفس کے حوالے نہ فرما

صبح وشام (1 مرتبہ)

15 رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا . [صحيح الترغيب 657]

میں اللہ تعالی کے رب ہونے پر راضی ہوا، اور اسلام کے دین ہونے پر، اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر

صبح وشام (3 مرتبہ)

16 اَسْتَغْفِرُ اللهَ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ. [بخاري: 6307]

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا اور اس کی جناب میں توبہ کرتا ہوں

پورے دن میں (100 مرتبہ)

جو شخص درج ذیل کلمات پڑھے گا اس کے عمل سے کسی کا عمل افضل نہیں ہوگا اور اس کے صغیرہ گناہ بخش دیے جائیں گے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

17 سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ. [مسلم 6843]

اللہ پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ

صبح وشام (100 مرتبہ)